Tarjuma Tul Quran Majeed - ICS Part 2 Tarjmatul Quran Chapter 8 Short Questions Test

Q1. لفظ کے معنی تحریر کریں- خلفھم- ولا یودہ - یتخبطہ- اوتخفوہ- ملٰکتیہ- ان نسینا-

Ans 1: خلفھم- ان کے پیچھے- ولا یودہ- اسے نہیں تھکاتی - یتخبطہ- اسے پاگل کردیا اوتخفوہ- یا اسے چھپاؤ- ملائکتہ- اس کے فرشتے- ان نسینا- اگر ہم بھول جائیں

Q2. سورت ال عمران کو سورت ال عمران کیوں کہا جاتا ہے.

Ans 1: اس سورت کی آیات تینتیس تا سینتیس میں اس خاندان کا زکر آیا ہے. اس لیے اس سورت کا نام سورۃ ال عمران ہے.

Q3. غزوہ تبوک میں منافقین کا کیا کردار تھا؟

Ans 1: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین نے منافقین کے سردار عبداللہ بن ابی کو اس کے تمام منافق ساتھیوں سمیت لشکر سے نکال باہر کیا- اہل ایمان نے اپنی طاقت سے بڑھ کر ایثار کا مظاہرہ کیا اور پکی ہوئی فصلوں کو چھوڑ کر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین کے ساتھ روانہ ہوگئے.

Q4. سورۃ ال عمران مین کن دو گروہوں سے خطاب ہے.

Ans 1: سورۃ ال عمران کا خطاب خصوصیت کے ساتھ دو گروہوں کی طرف ہے. 1- ایک اہل کتاب یعنی یہودی اور مسیحی 2- دوسرے وہ لوگ جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین پر ایمان لائے.

Q5. الفاظ کے معنی تحریر کریں- کسادھا- اثاقلتم- یستبدل- لاتحزن- جنود- السفلی

Ans 1: کسادھا- اس کا خسارہ اثاقلتم- تو بوجھل ہوجاتے ہو- یستبدل- وہ بدل کر لے آئے گا- لاتحزن- غم نہ کرو جنودلشکروں- السفلی- پست

Q6. سورۃ ال عمران میں کن دو غزوات کا زکر آیا ہے.

Ans 1: سورۃ آل عمران میں ہمیں غزوہ بدر اور غزوہ احد کا زکر ملتا ہے

Q7. حضرت مریم علیہ السلام کے والد کا نام کیا تھا.

Ans 1: حضرت عمران، حضرت مریم علیہ السلام کے والدکا نام تھا.

Q8. سورۃ التوبہ کب نازل ہوئی-

Ans 1: جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین کی حیات طیبہ کے آخری دور میں غزوہ تبوک کے بعد نازل ہوئی.

Q9. مباہلہ کا واقعہ تحریر کریں-

Ans 1: مباہلہ کا پس منظر یہ ہے کہ عرب کے علاقے نجران میں نصاریٰ بڑی تعداد میں آباد تھے- ان کا ایک وفد نبی کریم خاتم النبین کے پاس مدینہ منورہ آیا- یہ وفد ساٹھ افراد پر مشتمل تھا- ان میں چودہ برے سردار بھی تھے. ان سرداروں میں تین افراد بہت خاص تھے- ان کے دینی و دنیاوی معاملات وہی تین افراد دیکھتے تھ- یہ وفد اعلان نبوت کی خبر سن کر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین سے مناظرہ کرنے کی غرض سے آیا تھا- اس وفد نے بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین میں اپنے گمراہ کن عقائد پر دلائل دینے شروع کردیے. نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین نے تمام دلائل سماعت فرما کر ایک ایک دلیل کو رد فرمایا اور وہ لوگ لاجواب ہوتے چلے گئے- پھر اللہ تعالی نے سورۃ ال عمران کی آیت نمبر اکسٹھ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ان سے مباہلہ کرنے کا حکم دیا.

Q10. الفاظ کے معنی تحریر کریں- رضی- ابدا- ما عنتم- فان تولوا- خفافا- اولیاء

Ans 1: رضی - راضی ہوا- ابدا- ہمیشہ- ماعنتم- تمھارا مشقت میں پڑنا فان تولوا- پھر اگر وہ منھ موڑ لیں- خفافا- ہلکا- اولیاء- دوست